**09.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ارجمند علی خان

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ''پریکشا پے چرچا'' پروگرام کے دوران گفتگو کرتے ہوئے طلبا سے کہا کہ وہ امتحانات سے آگے بڑھ کر مہارت، ہنرمندی، کھیلوں، تخلیق اور اپنی نشوونما پر توجہ مرکوز کریں۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دِلی میں Seychelles کے صدر کے ساتھ بات چیت کی۔ وزیراعظم نے سیشلز کیلئے 175 ملین ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا۔

☆ بھارت اور سیشلز نے صحت، الیکٹرانکس اور IT سمیت مختلف شعبوں میں سات مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔

☆ مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شوروغل کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی دو بجے تک کیلئے ملتوی کی گئی ہے۔ راجیہ سبھا میں مرکزی بجٹ پر بحث پھر شروع ہوگئی ہے۔

☆ اور، ICC ٹی ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کولکاتا میں اسکاٹ لینڈ کا مقابلہ اٹلی سے ہورہا ہے۔ کولمبو میں زمبابوے کا سامنا Oman سے ہوگا، جبکہ آج شام احمد آباد میں جنوبی افریقہ اور کناڈا کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-PPC**

وزیراعظم نریندر مودی نے ''پریکشا پے چرچا'' کے 9ویں پروگرام کے دوران طلبا سے گفتگو کی۔ آج جاری کئے گئے دوسرے ویڈیو اپی سوڈ میں وزیراعظم نے طلبا کو بتایا کہ امتحانات کے دوران ذہنی تناؤ اور پریشانی پر کس طرح عبور حاصل کیا جائے۔ جناب مودی نے طلبا کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ چھوٹے اسٹارٹ اَپ اداروں کے ساتھ اپنے کاروباری

سفر کا آغاز کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ اکثروبیشتر بڑے خیالات معمولی شروعات سے پنپتے ہیں۔

**1400 PM- Startup PPC**

جناب مودی نے طلبا کو مشورہ دیا کہ وہ یہ سمجھنے کیلئے صنعتی پیشہ ور افراد سے رابطہ قائم کریں کہ **Real World** سسٹم کس طرح کام کرتے ہیں اور ساتھ ہی نصابی کتابوں سے آگے بڑھ کر عملی طور پر واقفیت حاصل کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ طلبا کو پڑھائی اور تخلیقی کوششوں کو علیحدہ یا الگ الگ راستوں کے طور پر نہیں دیکھنا چاہئے۔ اُنہوں نے کہا کہ دونوں ہی برابر کے اہمیت کے حامل ہیں اور اُنہیں مؤثر انداز سے متوازن بنایا جاسکتا ہے۔ جناب مودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ آرٹ اور تخلیقی دلچسپی سے طلبا کو پڑھائی کے دباؤ سے پیدا ہونے والے تناؤ اور تھکاوٹ دور کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

جناب مودی نے سماجی ذمے داری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے طلبا سے کہا کہ وہ سڑکوں پر اِدھر اُدھر کچرا نہ ڈالنے، نہ تھوکنے، ٹریفک سگنل کی پابندی کرنے اور کھانے کو برباد ہونے سے بچانے جیسے بنیادی ضابطوں پر عمل کریں۔ ووکل فار لوکل جیسے اقدامات کو اُجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارت میں بنائی گئی اشیاء اور سامان استعمال کرنے سے اندرونِ ملک معیشت مضبوط ہوتی ہے۔

**1400 PM- Local Vocal PPC**

جناب مودی نے کہاکہ شہریوں کی جانب سے اُٹھایا گیا ہر ایک چھوٹا قدم بھی 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ جناب مودی نے مصنوعی ذہانت اور تکنیک کے تعلق سے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ٹیکنالوجی سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔بلکہ طلبا کو چاہئے کہ وہ ٹیکنالوجی پر انحصار کرنے کے بجائے سوچ سمجھ کر اِس کا استعمال کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ طلبا تکنیک کا استعمال سیکھنے، اختراع اور ترقی کے ایک وسیلے کے طور پر پوری بیداری اور ذمے داری کے ساتھ کریں۔

جناب مودی نے طلبا کو یہ مشورہ دیا کہ وہ محض سیاح کے طور پر سیروسیاحت کیلئے نہ جائیں، بلکہ کچھ سیکھنے اور نئے مقامات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے، نیز وہاں کی ثقافت، تاریخ اور طرزِ زندگی کو سمجھنے کی خواہش کے ساتھ جائیں۔ جناب مودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ کھیلوں کو روزمرہ کی زندگی کا لازمی حصہ بنایا جانا چاہئے اور طلبا کو دن میں کم از کم ایک مرتبہ سانس کی مشق کرنی چاہئے۔

جناب مودی نے طلبا سے کہا کہ وہ کبھی بھی زندگی میں اطمینان سے نہ بیٹھیں بلکہ اور زیادہ حاصل کرنے کیلئے ہمیشہ کوشش کرتے رہیں۔ ساتھ ہی اُنہوں نے والدین کو بھی مشورہ دیا کہ وہ گھر میں مسابقت کا ماحول پیدا نہ کریں۔ اُنہوں نے طلبا سے کہا کہ وہ نامناسب موازنہ کرنے سے گریز کریں اور اِس کے بجائے اپنی بہتری پر توجہ مرکوز کریں۔ اِس سال ''پریکشا پے چرچا'' کے تحت **Exam Warriors** کے ساتھ گفتگو کا پروگرام دیوموگرا، کوئمبٹور، رائے پور، گوہاٹی اور دِلی میں سات لوک کلیان مارگ پر ہوا۔×

**PM-PRESS MEET SEYCHELLS**

وزیراعظم نریندر مودی نے سیشلز کیلئے 175 ملین ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ سیشلز کے صدر کے ساتھ میٹنگ کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مذکورہ پیکیج سے سماجی ہاؤسنگ، **E-Mobillty**، پیشہ وارانہ تربیت، صحت، دفاع اور بحری سیکورٹی کو تقویت ملے گی۔

بھارت اور سیشلز نے مختلف شعبوں میں 7 مفاہمت ناموں پر دستخط بھی کئے ہیں۔ اِن شعبوں میں صحت، موسمیات، الیکٹرانکس، آئی ٹی اور اچھی حکمرانی شامل ہیں۔ اِس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور سیشلز نہ صرف جغرافیائی اعتبار سے بلکہ تاریخ، اعتماد اور مستقبل کے مشترکہ نظریے کے ساتھ بھی باہم منسلک ہیں۔

**Byte PM**

**SEYCHELLES**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دِلی میں **Seychelles** کے صدر ڈاکٹر **Patrick Herminie** کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ، علاقائی اور باہمی مفاد کے بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ **Seychelles** کے صدر آج شام راشٹرپتی بھون میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو سے ملنے جائیں گے۔ وہ بھارت کے پانچ دن کے دورے پر آئے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر **Herminie** چنئی اور ممبئی میں اپنی مفید مصروفیات کے بعد کل نئی دِلی پہنچے۔

**SEYCHELLES PREZ- GANDHI**

**Seychelles** کے صدر **Patrick Herminie** نے آج راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔ سوشل میڈیا کی ایک پورٹ پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ مہاتما گاندھی کے اصول بھارت-**Seychelles** شراکت داری کی مسلسل رہنمائی کررہے ہیں اور اُسے تحریک دے رہے ہیں۔×

**JAISHANKAR-SEYCHELLES PREZ**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں **Seychelles** کے صدر ڈاکٹر **Patrick Herminie** سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بحری پڑوسیوں کے تناظر میں بھارت خطے کی اقتصادی خوشحالی اور سیکیورٹی کیلئے مہاساگر نظریئے کی جانب پیش رفت کے سلسلے میں اپنی تعاون کو اہمیت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ اُن کے رابطوں سے دونوں ملکوں کے درمیان اشتراک کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔×

**LS-ADJOURN**

اپوزیشن ارکان کے شوروغل کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ پہلی بار ملتوی ہونے کے بعد جب دن میں 12 بجے کارروائی پھر شروع ہوئی تو متعلقہ وزیروں نے اپنے محکموں کے دستاویزات ایوان میں پیش کئے۔ اِس کے بعد صدرنشیں نے مرکزی بجٹ 27-2026 پر عام بحث کرانے کی کوشش کی، لیکن اپوزیشن ارکان نے ایوان کی کارروائی میں رخنہ ڈالتے ہوئے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ صدرنشیں نے کہا کہ اُنہیں مرکزی بجٹ پر بولنے کیلئے کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ ششی تھرور کا نام موصول ہوا ہے، لیکن کانگریس ارکان نے کہا کہ اپوزیشن کے لیڈر کچھ بولنا چاہتے ہیں۔

اِس پر صدرنشیں نے کہا کہ اگر جناب راہل گاندھی مرکزی بجٹ پر اظہارِخیال کریں تو وہ اُنہیں بولنے کی اجازت دیں گے۔ جب شوروغل ہوتا رہا تو صدرنشیں نے ایوان کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔ ہنگامہ آرائی کی وجہ سے مرکزی بجٹ پر بحث شروع نہیں ہوسکی۔ مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو مرکزی بجٹ پیش کیا تھا۔ اِس سے قبل آج صبح جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو اسپیکر اوم برلا نے 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کا کرکٹ ورلڈ کپ جیتنے پر بھارتی ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔

**S/B: Om Birla**

**KIREN RIJIJU-LOK SABHA**

پارلیمانی اُمور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کانگریس پارٹی پر لوک سبھا کی کارروائی میں رکاوٹ پیدا کرنے کا الزام لگایا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ کانگریس ارکان کے ناشائستہ طرزعمل کے سبب صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث نہیں ہوپائی اور لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے اپوزیشن کے اِس طرزعمل پر تشویش کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پہلے ہی NDA کے اُن تمام ارکان پارلیمنٹ کی فہرست داخل کرچکی ہے، جو مرکزی بجٹ پر بحث میں شامل ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ارکان کو رخنہ اندازی کے سبب اظہار خیال کا موقع نہیں ملا تو اس کیلئے کانگریس پارٹی ذمہ دار ہوگی۔

**Byte: 1415-Kiren Rijiju**

**RS-HARDEEP PUR**

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ 2014 کے بعد سے ملک میں سرمایہ اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے، جو مجموعی اقتصادی سرگرمی کا ایک مضبوط اشاریہ ہے۔ راجیہ سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ 2014 میں سرمایہ اخراجات دو لاکھ کروڑ روپے تھے، جبکہ 27-2026 میں یہ بڑھ کر

12 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہوگئے ہیں۔ وزیر موصوف نے ایوان کو مطلع کیا کہ کوئلے کے شعبے میں بھی سرمایہ اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ شمال مغربی بھارت میں اگلے دو دن کے دوران کم از کم درجہ حرارت میں رفتہ رفتہ تقریباً دو ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق ملک کے بقیہ حصوں میں رات کے ٹمپریچر میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوگی۔ اِدھر ساحلی آندھرا پردیش، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ کے بعض حصوں میں صبح کے اوقات میں گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ اترپردیش میں بھی اِسی طرح کا موسم رہے گا۔×

**BANGLADESH WOMEN CANDIDATE**

جمعرات کو، اب جبکہ بنگلہ دیش میں پارلیمانی انتخابات ہونے والے ہیں، ایسے وقت میں خواتین امیدواروں کے خلاف، انہیں منمانے طریقے سے ڈرانے دھمکانے، اُن کی شبیہ کو خراب کرنے، جنسی طور پر ہراساں کئے جانے اور دھمکیوں کے واقعات میں اضافے سے خواتین کی سلامتی اور سیاست میں اُن کی بامعنی شمولیت کے حوالے سے تشویش ظاہر کی جارہی ہے۔ 299 حلقوں میں انتخابات ہوں گے۔ مختلف خواتین امیدواروں نے کہا ہے کہ انہیں آن لائن اور زمینی سطح پر بھی ہراساں کئے جانے کا سامنا ہے۔ انسانی حقوق سے متعلق گروپوں نے اِس سلسلے میں شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔×

**CRICKET-T-20 WORLD CUP**

مردوں کے ICC ٹی ٹوینٹی ورلڈ کپ میں کولکاتا کے ایڈن گارڈن میں گروپ C میں اسکاٹ لینڈ کا مقابلہ اٹلی سے ہورہا ہے۔ اسکاٹ لینڈ نے اٹلی کے سامنے 208 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اسکاٹ لینڈ نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 20 اوورز میں چار وکٹ پر 207 رن بنائے۔

کولمبو میں سہ پہر تین بجے گروپ B میں زمبابوے کا مقابلہ Oman سے ہوگا، جبکہ شام سات بجے احمد آباد میں آج کا تیسرا میچ کھیلا جائے گا۔ گروپ D کے اِس میچ میں جنوبی افریقہ اور کناڈا کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆